ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کونسل کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں اس موقع پر وائیس چیئرمین جام محمد جوکھیو
ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار اور اراکین کونسل بھی موجود ہیں۔

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 20/12/2023

حوالہ نمبر TMC/G/INF/0023/23

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کا پانچواں عام اجلاس چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا ان کے ہمراہ وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو میونسپل کمشنر احمد یار بھی موجود ہیں اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے لیڈرز ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بی بی بے نظیر بھٹو کے لئے مغفرت کی دعا کی گئی گزشتہ اجلاس کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس کے بعد ایجنڈا مطابق اینٹی انکروچمنٹ ڈپارٹمنٹ کی جانب سے فیسوں ٹیکس کے شیڈول سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2023 کی قرارداد پیش کی اور کافی بحث و مباحثہ کے بعد منظوری دی گئی چیئرمین نے کہا کہ ٹیکس وصولی کو بھی سہل بنایا جائے تاکہ دہندگان اپنا قومی فریضہ آسانی سے ادا کریں ٹیکس اور دیگر فیسوں کی مد میں جو آمدنی ہوگی اس سے ترقیاتی منصوبے سیوریج لائین، پارکز، صحت مراکز، سڑکیں، واٹر سپلائی اسکیم، اسٹریٹ لائیٹس، صفائی ستھرائی اور دیگر کاموں میں خرچ کیئے جائیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور اور وژن کے مطابق ہم اپنا کام کررہے ہیں اجلاس میں تمام کونسل ممبران نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا جس میں پارلیمانی لیڈر اور کونسل ممبر میر عباس تالپور، کونسل ممبر مرتضٰی یار محمد، ممبر محمد رفیق جوکھیو، ممبر امین دین جوکھیو، ممبر علی محمد گبول، ممبر داد کریم بلوچ، ممبر سلیم میمن، ممبر دانش برفت، ممبر عبدالستار جوکھیو، ممبر عیسٰی، لیڈی ممبر مہر النساء بلوچ، ممبر ثمینہ زرداری، لیڈی ممبر سیما جوکھیو، اقلیتی ممبر سنی مسیح شامل تھے۔ اس موقع افسر مالیات افتخار احمد دایو، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سہیل یار خان، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈائریکٹر ٹیکس ہمایوں عمران خان، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ ہدایت اللہ شیخ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، کونسل آفیسر محمد سجاد، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکس ریاض حمید بلوچ ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ عدنان بلوچ، چیرمین پی ایس لال جان نبی اور دیگر بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM
TMC GADAP
TMC GADAP
WWW.TMCGADAP.GOS.PK